# پاکستان نے سری لنکا کوتیسرے ایک روزہ میچ میں  شکست دے کر سیریز جیت لی

- ہدف کے تعاقب میں عابد علی اور فخر زمان کی شاندار اوپننگ شراکت
- حارث سہیل کی نصف سنچری کا فتح میں اہم کردار
- سری لنکا کو 5 وکٹوں سے شکست کا سامنا

**لاہور، 3  اکتوبر 2019ء:**

قومی کرکٹ ٹیم کے اوپنرز عابد علی اور فخر زمان کی جانب سے 123 رنز کی اوپننگ شراکت  اور مڈل آرڈر بیٹسمین حارث سہیل کی نصف سنچری کی بدولت پاکستان نے سری لنکا کوتیسرے ایک روزہ میچ میں 5 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز 2-0 سے اپنے نام  کرلی ہے۔نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں میزبان ٹیم نے 298 رنز کا ہدف 10 گیندیں قبل5وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا۔

اس سے قبل سری لنکا کرکٹ ٹیم کے کپتان لاہیروتھیری مانے نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔مسلسل دوسرے میچ میں مہمان ٹیم کی اوپننگ جوڑی کا آغاز اچھا نہ رہا اور 13 کے مجموعی اسکور پر ایوشکا فرنینڈو 4 رنز بنا کر محمد عامر کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے تاہم کپتان لاہیرو تھیری مانے اور گوناتھلکا کے درمیان 88 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ لاہیرو تھیری مانے 36 رنز بنا کر آوٹ ہوئے۔دوسری جانب نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری میچ میں اوپنر گوناتھلکا نےمیزبان ٹیم کے باؤلرز کے سامنے مزاحمت جاری رکھی اور100 گیندوں پر سنچری اسکور کی۔وہ اننگز کے 45ویں اوور میں 133 رنز بنا کر محمد عامر کی گیند پر بولڈ ہوگئے۔ ان کی اننگز میں 16 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔آلراؤنڈر داشن شناکا کی اختتامی اوورز میں جارحانہ بیٹنگ کی بدولت مہمان ٹیم نے  مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں  کے نقصان پر 297 رنز بنائے ۔داشن شناکا نے 24 گیندوں پر 43 رنز کی اننگز کھیلی۔پاکستان کی جانب سے محمد عامر نے 3 اور عثمان شنواری،وہاب ریاض، شاداب خان اور محمد نواز نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

298 رنز کے ہدف کے تعاقب میں قومی کرکٹ ٹیم کے اوپنرز نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے بہترین بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 123 رنز کی اوپننگ شراکت قائم کی۔ امام الحق کی انجری کے باعث قومی ایک روزہ اسکواڈ میں شامل ہونے والے بیٹسمین عابد علی 74 رنز بنا کر وانیندو ہسارانگا کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ

ہوگئے۔ 67 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 10 چوکے شامل تھے۔بائیں ہاتھ کے اوپنر فخر زمان نے7 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 76 رنز بنائے۔گذشتہ میچ میں سنچری اسکور کرنے والے بابراعظم31 اور کپتان سرفراز احمد 23 رنز بنانے کے بعد پویلین واپس لوٹ گئےتاہم مڈل آرڈر بیٹسمین حارث سہیل نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے نصف سنچری اسکور کی مگر وہ میچ ختم کرنے میں ناکام رہے، جس کے بعد 22 گیندوں پر 28 رنز بنانے والے افتخار احمد نے ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ ان کی اننگز میں 3 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔سری لنکا کی جانب سے نوان پرادیپ نے 2 جبکہ لاہیرو کمارا، شہیان جے سوریا اور وانیند ہسارانگا نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

میچ میں شاندار 74 رنز بنانے پر عابد علی کو مین آف دی میچ جبکہ بابر اعظم کو مین آف دی سیریز کا اعزاز دیا گیا۔

– ENDS –